## انتخابات میں کامیاب ہونے والی جماعت کی فتح کو کھلے دل سے تسلیم کیا جائے۔الطاف حسین

## انشاءاللہ 2013ء میں ملک کا وزیراعظم اورصوبوں کے وزرائے اعلیٰ ایم کیوایم کے ہوں گے

## تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے کارکنان انتخابات کو ہرقیمت پر پرامن بنانے کیلئے بھرپورکوششیں کریں

## نارتھ کراچی،شاہ فیصل کالونی اوراورنگی ٹاؤن میں ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب

کراچی۔۔۔15،فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد ملک بھرکے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت کرنا ہےاور ایم کیوایم عبادت سمجھ کرانسانیت کی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے ایک مرتبہ پھرملک بھرکی سیاسی ومذہبی جماعتوں سے اپیل کی کہ وہ 18،فروری کے دن کو یوم امن ومحبت اور یوم جمہوریت کےطور پرمنائیں اورانتخابات میں کامیاب ہونے والی جماعت کی فتح کو کھلے دل سے تسلیم کرتے ہوئے امن ومحبت کے نئے دور کا آغاز کریں۔انہوں نے ایم کیوایم سمیت تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے کارکنوں سے پاکستان کے نام پراپیل کی کہ وہ انتخابات کو ہرقیمت پر پرامن بنانے کیلئے بھرپورکوششیں کریں،ہرقسم کی اشتعال انگیزی سے گریز کریں اورایک دوسرے کا احترام کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام سندھ سے نکل کراب پورے پاکستان میں تیزی سے پھیل رہاہےاور یہ پیغام اسی طرح پھیلتا رہاتو انشاءاللہ 2013ء میں ہونے والے عام انتخابات میں ملک کا وزیراعظم اورصوبوں کے وزرائے اعلیٰ ایم کیوایم کے ہوں گے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے جمعہ کے روز نارتھ کراچی،شاہ فیصل کالونی اوراورنگی ٹاؤن میں ایم کیوایم کے بڑے بڑے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ان انتخابی جلسوں میں نارتھ کراچی،نیوکراچی،سرجانی ٹاؤن،اورنگی ٹاؤن،قصبہ علیگڑھ کالونی،شاہ فیصل کالونی اورملیر کےمختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والےعوام وکارکنان کے علاوہ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اورکراچی مضافاتی تنظیمی کمیٹی کےمختلف سیکٹروں کے ذمہ داروں اورکارکنان نے بھی ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔جلسوں میں نوجوانوں اور بزرگوں کے علاوہ خواتین نے بھی ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ میرادل چاہ رہاہے کہ میں جسمانی طور پراپنے کارکنان وعوام کے درمیان ہوتالیکن میں روحانی طور پرآپ کے درمیان موجود ہوں اور مجھےاپنے باہمت بزرگوں،بہادرتحریکی ساتھیوں،پرعزم ماؤں اور پیاری پیاری بہنوں کے چمکتے اور مسکراتے چہرےنظرآرہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان علاقوں کےعوام نے اچھے وقتوں میں ایم کیوایم کا ساتھ دیاہی ہےلیکن کڑے،مشکل اورآزمائش کے مراحل میں یہاں کےحق پرست عوام نے جس ہمت وجرات کے مظاہرے کئے اس کی مثال پاکستان کی تاریخ میں نہیں ملتی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں سیاست عمومی طور پرمفادات کیلئے کی جاتی ہےلیکن متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد جماعت ہےجس کی سیاست کا مقصد ملک اورعوام کی بلاامتیاز رنگ،نسل،زبان،مسلک،عقیدہ اورمذہب عملی خدمت کرنا ہے۔ایم کیوایم تمام انسانوں کی بلاتخصیص سیاسی،مذہبی اورعلاقائی وابستگی کو بالائے طاق رکھ کرسب کوخدا کی مخلوق اورانسان تصورکرتی ہے۔خلق خدا کی خدمت کرنا سب سے بڑی عبادت ہےاور ایم کیوایم،عبادت سمجھ کرانسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے بعض علاقوں سےحق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ناظمین،یوسی ناظمین،نائب ناظمین اورکونسلرز منتخب نہیں ہوئےلیکن کراچی کےعوام گواہ ہیں کہ حق پرست اراکین سینیٹ،قومی وصوبائی اسمبلی اورمنتخب بلدیاتی نمائندوں بالخصوص ناظم اعلیٰ کراچی نے کراچی کے تمام علاقوں کو نہ صرف ایک نظر سے دیکھا بلکہ ہرعلاقے کےعوام کی برابری کی بنیاد پرخدمت کی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ لیاری کے علاقے سےایم کیوایم کا کوئی رکن قومی یاصوبائی اسمبلی یاٹاؤن ناظم منتخب نہیں ہوا۔60 برسوں سےمختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کےنمائندے لیاری سے کامیاب ہوتے رہےمگرلیاری کےعوام پینے کےصاف پانی کی بوند بوند کوترستے رہے جبکہ حق پرست ناظم اعلیٰ کراچی نے لیاری میں پانی کی سہولت فراہم کی۔اسی طرح کیماڑی کے علاقے سےبھی ایم کیوایم کا کوئی نمائندہ کامیاب نہیں ہوااس کے باوجود حق پرست قیادت نے کیماڑی کےعوام کا60 سالہ پرانا مسئلہ حل کیااور کیماڑی میں پانی کی سہولت فراہم کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ 5 برسوں میں حق پرست سینیٹرز،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اورگزشتہ 2 برسوں سےشہری حکومت کی حق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ناظمین،یوسی ناظمین اورنائب ناظمین نے کراچی کےعوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل،زبان،علاقہ،مسلک اورمذہب سب کی خدمت کی ہے،کررہے ہیں اورانشاءاللہ کرتے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں نے کراچی میں جتنے بھی ترقیاتی کام کرائے ہیں ان سے کسی ایک جماعت کے کارکنان یاعوام مستفید نہیں ہونگے بلکہ ان ترقیاتی منصوبوں

سے کراچی کے ایک ایک شہری کوخواہ وہ کسی بھی علاقے ،نسل ،مکتبہ فکر،عقیدہ اور مذہب سے تعلق رکھتے ہوں سب کو یکساں طور پر فائدہ پہنچ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں ایم کیوایم کومختلف حکومتوں اوراسٹیبلشمنٹ کے بعض عناصر نے کام کرنے کا موقع نہیں دیا مگر جیسے ہی ایم کیوایم کوعوام کی خدمت کا موقع ملا اس نے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے عملی کام کرکے دکھائے اوردکھارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اگرعوام نے آئندہ بھی ایم کیوایم پراعتماد کا اظہار کیا تو ایم کیوایم اس سے زیادہ عوام کی فلاح وبہبود کے کام کرکے دکھائے گی اورعوام کی خدمت کرتی رہے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ایم کیوایم کی جانب سے عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت کا نتیجہ ہے کہ ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں میں ملک کی تمام زبانوں ،قومیتوں ،برادریوں ،فقہوں ،مسالک اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کرتے ہیں ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں ہونے والے ترقیاتی کاموں کا ذکرکرتے ہوئے کہا کہ ابھی اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے پائپ لائنوں میں ہیں،شہر کی صفائی ستھرائی کیلئے مزید جدید مشینیں اورٹرک بھی منگوائے گئے ہیں۔انشاءاللہ 2 سالوں میں شہرمیں صفائی ستھرائی اورنکاسی ءآب کے کام مکمل ہوجائیں گے،ان ترقیاتی کاموں سے آئندہ دوسالوں میں کراچی کا نقشہ مزید تبدیل ہوجائے گا اور پھر آئندہ پانچ سالوں میں کراچی پورے ملک کیلئے ایک ترقی یافتہ شہر ہونے کا سمبل بنے گا۔جناب الطاف حسین نے ایک مرتبہ پھر سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں ،کارکنوں اورعوام سے پرزور اپیل کی کہ 18،فروری کو ہونے والے عام انتخابات کو ہر قیمت پر پرامن بنانے کیلئے مل کرکوششیں کریں اور 18،فروری کا دن یوم جمہوریت اور یوم امن ومحبت کے طور پر منائیں ۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں عہد کریں کہ آئندہ انتخابات میں جوبھی جماعت کامیابی حاصل کرے،سب جماعتیں کھلے دل سے اس جماعت کی کامیابی کوتسلیم کریں اور ملک میں افہام وتفہیم ،ایک دوسرے کو برداشت کرنے اور ایک دوسرے کے ساتھ فراخدلی کا مظاہرہ کرکے امن ومحبت کے نئے دور کا آغاز کریں۔انہوں نے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ اپنی جماعت کا منشور،اغراض ومقاصد ضرور پھیلائیں لیکن کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی سے گریز کریں ،انتخابات کو پرامن بنانے کیلئے صبروتحمل سے کام لیں اورکوئی ایسی بات یا عمل نہ کریں جس سے کسی بھی دوسری جماعت کے لوگوں کی دل آزاری ہو۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مخالفین کی اشتعال انگیز کارروائیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اورانتخابات کوپرامن بنانے کی بھرپورکوشش کریں۔انہوں نے سیاسی ومذہبی جماعتوں ،سماجی تنظیموں ،مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام ،مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراداور برادریوں سے بھی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی ماحول کو پرامن اورخوشگوار رکھنا ایک ایک محبّ وطن پاکستانی کی ذمہ داری ہے لہٰذا ایک ایک پاکستانی ملک میں قیام امن کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کرے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اب ایم کیوایم کا پیغام سندھ کے گاؤں گوٹھوں سے نکل کر بلوچستان ،سرحد اور پنجاب سمیت ملک کے چپہ چپہ میں پھیل رہا ہے اوراگرتمام سیاسی ومذہبی جماعتوں نے پرامن ماحول رکھنے میں اپنا اپنا کردارادا کیا اورایک دوسرے کو برداشت کیا تو انشاءاللہ 2013ء کے انتخابات میں ملک کا وزیراعظم اورصوبوں کے وزرائے اعلیٰ ایم کیوایم کے ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست امیدواروں سے کہا کہ وہ کامیاب ہونے کے بعد علاقے کے عوام کی خدمت کریں اور علاقے کے عوام اور کارکنوں سے حاکموں کی طرح نہیں بلکہ خادموں کی طرح پیش آئیں کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جوعوام کی خدمت نہ کرنے والے منتخب نمائندوں سے استعفیٰ دلوادیتی ہے اوراسے اس بات کا خوف نہیں ہوتا کہ ضمنی انتخابات میں اس کا امیدوار جیتے گا یا نہیں۔انہوں نے مختلف سیاسی ومذہبی اوردینی جماعتوں ،مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اورمشائخ عظام ،مختلف شعبوں اور برادریوں کے افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت اورانتخابات میں ایم کیوایم کی حمایت کا اعلان کا خیرمقدم کیا اوران کے حق پرستانہ عمل پر انہیں دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے اپیل کی کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ میں گولڈن شیک ہینڈ کے سبب منوڑہ سے کوکنی اور کچھی برادری کے ایسے افراد جومنوڑہ سے نارتھ کراچی منتقل ہوچکے ہیں اوران کے ووٹوں کا اندراج منوڑہ میں ہے وہ 18،فروری کومنوڑہ جاکر اپنے ووٹ کا حق ضروراستعمال کریں اور حق پرست امیدواروں کوووٹ دے کر کامیاب بنائیں ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ اورتمام مخالفین نے یہ پروپیگنڈہ کیا تھا کہ آپریشن کے باعث ایم کیوایم کے کارکنان اورعوام الطاف حسین سے دور ہوجائیں گے لیکن دنیا نے دیکھ لیا کہ تمام ترپروپیگنڈوں کے باوجود عوام ماؤں بہنوں اور بزرگوں نے الطاف حسین کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنوں نے اپنی جانیں قربان کردیں ،بڑے بڑے مظالم ڈھائے گئے لیکن ایم کیوایم کے کارکنان نہیں ڈرے جس پر میں تمام کارکنوں اورعوام ماؤں ،بہنوں اور بزرگوں کو سلام پیش کرتا ہوں ۔جناب الطاف حسین نے تاریخی جلسوں کے انعقاد پر نارتھ کراچی ،شاہ فیصل کالونی اوراورنگی ٹاؤن کے عوام کو حق پرستوں کی شاندار کامیابی پر پیشگی مبارکباد پیش کی ۔انہوں نے جلسوں کے انتظامات کرنے والے کارکنوں اور ذمہ داروں کو بھی دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## حق پرست عوام،ظفر راجپوت کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔15،فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حیدرآباد کے حق پرست نائب ڈسٹرکٹ ناظم ظفر راجپوت کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ ظفر راجپوت کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ حیدرآباد کے حق پرست نائب ڈسٹرکٹ ناظم ظفر راجپوت انجائنا کے اٹیک کے باعث ان دنوں مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،حیدرآباد کے حق پرست ڈسٹرکٹ ناظم کنورنوید،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اورایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے ارکان نے اسپتال جاکر ظفر راجپوت کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے ظفر راجپوت کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ڈیفنس کلفٹن،سوسائٹی،گلشن اقبال،نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی اورریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے تحت ہفتہ کو اجتماعات منعقد ہونگے۔الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔15،فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کل بروز ہفتہ مورخہ 16،فروری کورات 8 بجے ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی،سوسائٹی ریزیڈنٹس کمیٹی،گلشن اقبال ریزیڈنٹس کمیٹی نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی اورریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے تحت کراچی کے مختلف مقامات پر اجتماعات منعقد ہونگے۔اجتماعات سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔اجتماعات میں ڈیفنس کلفٹن،سوسائٹی،گلشن اقبال،نارتھ ناظم آباد کے عمائدین کے علاوہ دانشوروں، کالم نگاروں،ادیبوں،شعراءاورزندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین شرکت کریں گے۔

## بعض فسادی عناصر کراچی اورسندھ میں فسادات کرواکر سندھ دھرتی خصوصاً کراچی کومیدان جنگ بنانا چاہتے ہیں
## کراچی میں اسلحہ کی بڑے پیمانے پر اسمگلنگ کرنے والے ملزمان کی گرفتاریوں کی اطلاعات پر تبصرہ
## اسلحہ لانے والے فسادی وجرائم پیشہ عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔

لندن۔۔15 فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق نے کراچی میں اسلحہ کی بڑے پیمانے پر اسمگلنگ کرنے والے ملزمان کی گرفتاریوں کی اطلاعات پر تبصرہ کرتے ہوئے اس صورتحال کو نہ صرف انتہائی تشویشناک بلکہ حکومت اورتمام شہریوں خصوصاً کراچی اورسندھ کے شہریوں کیلئے لمحہ فکریہ قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اخباری اطلاعات کے مطابق حب کے قریب ایدھی فاؤنڈیشن کی ایمبولینس پکڑی گئی ہے جس میں ملزمان اسلحہ کی بھاری کھیپ کراچی لے کر آرہے تھے۔پکڑے جانے والے ملزمان ایدھی فاؤنڈیشن کے ملازم ہیں اورایدھی فاؤنڈیشن نے کہا ہے کہ یہ لوگ فاؤنڈیشن سے چھٹی لیکر گئے تھے اور فاؤنڈیشن کا اس معاملہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ اسی طرح ٹول پلازہ سے کوچ میں اسلحہ بنانے کا سامان لیکر آنے والے ملزمان کو پکڑا گیا ہے جو اسلحہ بنانے کا یہ سامان کراچی لیکر آرہے تھے۔ڈاکٹرعمران فاروق نے کہا کہ کراچی میں نہ صرف جرائم پیشہ افراد بلکہ فسادی عناصر اسلحہ لانے میں شریک ہیں اورایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسلحہ کی یہ کھیپ کسی خاص اورگھناؤنے مقصد اورمنصوبہ کے تحت کراچی لائی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ اطلاعات تو صرف اس اسلحہ کے بارے میں ہے جس کو لانے والے ملزمان پکڑے گئے ہیں اس کے علاوہ نجانے کتنا اسلحہ یہ فسادی اورجرائم پیشہ عناصر کراچی لے کر آئے ہوں گے جو پکڑا نہیں جاسکا ہے۔ڈاکٹرعمران فاروق نے کہا کہ بعض فسادی عناصر کراچی اورسندھ میں فسادات کراوا کر سندھ دھرتی خصوصاً کراچی کومیدان جنگ بنانا چاہتے ہیں اورسندھ خصوصاً کراچی کے عوام کو آپس میں لڑوا کر سندھ دھرتی کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں اوریہ اسلحہ اسی مقصد کیلئے کراچی لایا جارہا ہے۔ڈاکٹرعمران فاروق نے سندھ بھرکے عوام سے اپیل کی کہ وہ متحد ہوکر فسادی عناصر کی

سازشوں کونا کام بنادیں اوران کے گھناؤنے مقاصد کے آگے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائیں۔ڈاکٹرعمران فاروق نے صدرمملکت پرویزمشرف،نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد خان،نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ،انٹیلی جینس ایجنسیوں کے سربراہان اوردیگراداروں کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے اور کراچی وسندھ کومیدان جنگ بنانے کیلئے اسلحہ لانے والے فسادی وجرائم پیشہ عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔

## قریشی کمیونٹی الائنس کی جانب سے حق پرست امیدواران کی غیرمشروط حمایت کا اعلان

## 25رکنی نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔15،فروری2008ء

قریشی کمیونٹی الائنس نے آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر سے متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواران کی غیرمشروط حمایت کا اعلان کیا ہے اور ملک بھر میں بسنے والے قریشی برادری کے نوجوانوں ، بزرگوں اورخواتین سے اپیل کی ہے کہ وہ 18فروری کو اپنا قیمتی ووٹ حق پرست امیدواران کے حق میں استعمال کرکے انہیں بھاری اکثریت کے ساتھ کامیاب بنائیں۔یہ اعلان قریشی کمیونٹی الائنس کے ایک 25رکنی نمائندہ وفد نے الحاج محمد رفیع نقشبندی، حاجی عزیزالدین اورمحمد بلال شیخ کی سربراہی میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم اوررکن شعیب احمد بخاری سے ملاقات میں کیا۔وفد کے ارکان نے کہا کہ ایم کیوایم غریب اورمتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور ملک بھر کےعوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کے انتخابی منشورکوملک وقوم کےعظیم ترمفاد میں دوسری سیاسی جماعتوں کے منشور سے بہتر،منفرد اورانقلابی قرار دیا۔رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے قریشی کمیونٹی لائنس کی جانب سے آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواران کی حمایت کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی ترقی وخوشحالی اورعوام کی فلاح وبہبود کیلئے اپنا بھرپورکردارادا کرتی رہے گی۔

## عوامی نیشنل پارٹی،متحدہ مجلس عمل اور پیپلز پارٹی کے کونسلروں اورسرکردہ افراد کی متحدہ میں شمولیت

کراچی۔۔۔15،فروری2008ء

اورنگی ٹاؤن مومن آباد میں عوامی نیشنل پارٹی،متحدہ مجلس عمل اور پیپلز پارٹی کے کونسلروں اورمختلف برادریوں کے سرکردہ افراد نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے زیراہتمام مومن آباد میں منعقدہ انتخابی اجتماع میں کیا جس میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اورخواتین کی بڑی تعداد کے علاوہ حق پرست امیدوار برائے این اے 241اقبال قادری اور برائے پی ایس 93صلاح الدین نے بھی شرکت کی۔انتخابی اجتماع میں رانامحبوب نے اپنی برادری کے 100افراد کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا جبکہ متحدہ مجلس عمل یوسی 1مومن آباد کے جنرل کونسلر سردار شاہ،عوامی نیشنل پارٹی یوسی 1مومن آباد کے جنرل کونسلر پیرمحمد،پیپلز پارٹی کے قربان انصاری،محمد ادریس خان اور ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے نذیرتاج نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔انہوں نے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں مفاد پرست سیاسی ومذہبی جماعتوں کومسترد کردیں اورحق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران اقبال قادری اورصلاح الدین نے کہا کہ ملک بھر کی مختلف قومیتوں کے افراد کی متحدہ میں شمولیت خوش آئند ہے اوراس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم کا فکروفلسفہ سچائی پرمبنی ہے۔

## ایم کیوایم افہام وتفہیم پر یقین رکھتی ہے،سید سر دار احمد

## سوسائٹی میں منعقدہ استقبالئے،معززین سے ملاقات اور کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی ۔۔۔15،فروری2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 116 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار سید سردار احمد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم سیاسی اختلافات کے حل کیلئے افہام وتفہیم پر یقین رکھتی ہے اور پرامن انتخابی ماحول کیلئے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کا تعاون چاہتی ہے ۔سوسائٹی میں استقبالیہ تقریب،لیاقت روڈ یوسی 9 لائینز ایریا، مدینہ مسجد،غوثیہ کالونی یوسی 2 گلشن اقبال میں معززین سے ملاقات اور کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے امن وامان کی صورتحال لازمی ہے اور جو عناصر اپنے سیاسی مفادات کی خاطر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کررہے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں ۔

## ایم کیوایم کی جڑیں عوام میں ہیں،فیصل سبزواری

## گلستان جوہر کے معززین سے ملاقاتیں اور کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی ۔۔۔15،فروری2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 126 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار سید فیصل سبزواری نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے اپنے خلاف تمام تر متعصّبانہ سلوک اور کارروائیوں کے باوجود بھی خود کو عوام کی خدمت کیلئے وقف کر رکھا ہے اور خلق خدا کی عملی خدمت کے باعث ایم کیوایم کی جڑیں عوام میں مضبوطی سے قائم ہیں ۔اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے میں معززین سے ملاقات اور مختلف کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کسی کی ذاتی جاگیر نہیں ہے اور اب ملک بھر کے باشعور عوام کسی بھی قومی لٹیرے کو قومی خزانہ لوٹنے کی اجازت نہیں دیں گے ۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18، فروری کو اپنا حق رائے دہی استعمال کرکے غریب ومتوسط طبقہ کی جماعت ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں کو کامیاب بنا کر ملک سے مفاد پرستی اور لوٹ مار کی سیاست کا خاتمہ کردیں ۔

## خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک کا خاتمہ کریں گے،خواجہ سہیل منصور،محمد حنیف شیخ

## مکہ کالونی بلدیہ ٹاؤن میں منعقدہ خواتین کے بڑے انتخابی اجتماع سے خطاب

کراچی ۔۔۔15،فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 240 خواجہ سہیل منصور اور امیدوار برائے پی ایس 91 محمد حنیف شیخ نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے زندگی کے ہر شعبہ میں خواتین کو برابری کی بنیاد پر نمائندگی دی ہے اور اقتدار میں آکر ایم کیوایم خواتین کے خلاف سیاہ قوانین اور امتیازی سلوک کا خاتمہ کردے گی ۔بلدیہ ٹاؤن کی مکہ کالونی میں منعقدہ خواتین کے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معاشرے کی تعمیر وترقی اور آنے والی نسلوں کی بہتر تربیت کا تمام دارومدار خواتین پر ہوتا ہے اور کسی بھی ملک میں خواتین کے بنیادی حقوق پر کاری ضربیں لگانا ملک کی آنے والی نسلوں کے مستقبل کو تباہ کرنے کے مترادف ہے ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے خواتین کے خلاف فرسودہ اور ظالمانہ رسومات کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کی ہے ۔

## عوام کی عملی خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے، ڈاکٹر ایوب شیخ، محمد افضل
## کورنگی نمبر 6 اسلامیہ گراؤنڈ میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے حق پرست امیدواران کا خطاب

کراچی۔۔۔15، فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 254 ڈاکٹر ایوب شیخ اور برائے پی ایس 123 شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے نمائندے عوام میں سے ہیں اور عوامی مسائل کو ہر سطح پر اجاگر کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی نمبر 6 اسلامیہ گراؤنڈ میں منعقدہ بڑی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کارنر میٹنگ میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ حق پرست امیدواران ڈاکٹر ایوب شیخ اور شیخ محمد افضل نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کی بلاامتیاز رنگ و نسل اور زبان عملی خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے اور ایم کیوایم دکھی انسانیت کی خدمت عبادت سمجھ کر کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل جاگیردار اور وڈیرے حل نہیں کرسکتے اور اپنے مسائل کے حل کیلئے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو اپنی صفوں سے ایماندار قیادت کو منتخب کرنا ہوگا۔

## حق پرست قیادت ترقی وخوشحالی کے سفر کو پورے پاکستان میں پھیلائے گی، ڈاکٹر صغیر احمد
## پاکستان کوارٹر میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔15، فروری 2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 117 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت کی جانب سے ترقی و خوشحالی کے سفر کو پورے پاکستان میں پھیلایا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز پاکستان کوارٹر میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ اور نظریہ امن، محبت، بھائی چارے اور اتحاد ہے اور ایم کیوایم ملک میں ایک قوم کے تصور کو مضبوط بنانے کیلئے تمام صوبوں کے عوام کو متحد کرنے کی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں وہ حق پرست امیدواران کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگا کر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کریں۔

## ایم کیوایم نے تمام قومیتوں اور برادریوں کے حقوق کا تحفظ کیا ہے، عبدالرشید گوڈیل
## نشتر بستی اور تھلی میم جماعت آفس میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔15، فروری 2008ء

قومی اسمبلی کے حلقہ 252 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار عبدالرشید گوڈیل نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے پاکستان کی تمام قومیتوں اور برادریوں کے حقوق کے تحفظ کا عملی مظاہرہ کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج ملک کی تمام اکائیاں ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز نشتر بستی، تھلی میمن جماعت آفس میں انتخابی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ عبدالرشید گوڈیل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ صوبائی خودمختاری کے حصول، کالا باغ ڈیم اور این ایف سی ایوارڈ جیسے ایشوز پر عوام کی خواہشات اور امنگوں کا مکمل احترام کرتی ہے اور اس سلسلے میں عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب و متوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور ملک بھر کے عوام کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

## ایم کیوایم سیاسی معاملات افہام وتفہیم سے حل کرنا چاہتی ہے، شیخ صلاح الدین
## نیوکراچی D-11 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔15، فروری 2008ء

قومی اسمبلی کے حلقہ 244 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار شیخ صلاح الدین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم سیاسی معاملات افہام وتفہیم سے حل کرنا چاہتی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے عوام کو برابر کا پاکستانی سمجھا جائے۔ یہ بات انہوں نے نیوکراچی سیکٹر D-11 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کارنر میٹنگ میں شیخ انصار برادری کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شیخ انصار برادری کے صدر عبدالحمید نے آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی کامیابی کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ شیخ صلاح الدین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے عوام کو نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کی طرح صرف سنہرے خواب ہی نہیں دکھائے بلکہ عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کی ہے۔

## ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے تحت حق پرست شہداء کے لواحقین کے اعزاز میں استقبالیہ کا انعقاد

کراچی۔۔۔15، فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ نارتھ کراچی سیکٹر کے زیر اہتمام حق پرست شہداء کے لواحقین کے اعزاز میں ایک عشائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں شہداء کے لواحقین کے علاوہ حق پرست امیدوار برائے این اے 244 شیخ صلاح الدین، برائے این اے 243 عبدالوسیم، برائے پی ایس 99 خواجہ اظہار الحسن، برائے پی ایس 101 عبدالمعید فاروقی اور برائے پی ایس 98 معین خان نے شرکت کی۔ عشائیہ کی تقریب میں حق پرست امیدواران نے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور لواحقین کو یقین دلایا کہ حق پرست شہداء نے جس مشن ومقصد کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے دیئے اس مشن ومقصد کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کی پرامن جمہوری جدوجہد جاری رہے گی۔ عشائیہ تقریب میں نظامت کے فرائض سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ بلقیس مختار نے ادا کئے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے اور حق پرست کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد نعیم کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ خدا کی بستی کے کارکن محمد حسین بابر کے والد محمد سراج اور بن قاسم ٹاؤن یوسی کے حق پرست کونسلر رانا یونس کے چھوٹے بھائی راؤ محمد اقبال کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایکشن کمیٹی ہزارہ ویلفیئر نے حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔15، فروری 2008ء

ایکشن کمیٹی ہزارہ ویلفیئر نے آئندہ عام انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے اور ہزارہ برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ یہ اعلان ایکشن کمیٹی ہزارہ ویلفیئر کے صدر مرتضٰی رحمانی نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایکشن کمیٹی ہزارہ ویلفیئر کے جنرل سیکریٹری سردار شوکت، جوائنٹ سیکریٹری سردار عتیق اور ایم کیوایم علماء کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ ایکشن کمیٹی ہزارہ ویلفیئر کے صدر مرتضٰی رحمانی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں نے جس طرح کراچی کے مختلف علاقوں میں بلا امتیاز وتفریق ترقیاتی کام کرائے ہیں اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے ہزارہ برادری سے اپیل کی وہ ترقی کا سفر جاری رکھنے کیلئے حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

**اگر موجودہ جج صاحبان کا پی سی او کے تحت حلف اٹھانا غلط اور ناجائز ہے تو جسٹس افتخار محمد چوہدری**
**اور انکے دیگر رفقاء کا پی سی او کے تحت حلف اٹھانا درست اور جائز کیسے ہے؟ رابطہ کمیٹی**
**عدلیہ کی آزادی کے نام نہاد علمبرداروں میں اگر اخلاقی جرات ہے تو وہ ایم کیوایم پر انگلیاں اٹھانے کے**
**بجائے قوم کو اس سوال کا جواب کیوں نہیں دیتے؟**
**اگر ان کے پاس اس سوال کا کوئی جواب نہیں ہے تو وہ عدلیہ کی آزادی کے کھوکھلے نعرے لگانا چھوڑ دیں**

کراچی۔۔۔15، فروری 2008ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، ڈاکٹر نصرت اور ڈاکٹر عاصم نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وہ وکلاء اور نام نہاد سول سوسائٹی پی سی او کے تحت حلف اٹھانے والے موجودہ ججز کو تسلیم کرنے پر تیار نہیں ہیں اور احتجاج کے نام پر ڈرامے رچا رہے ہیں ان سے سوال کیا ہے کہ وہ عوام کو اس سوال کا جواب کیوں نہیں دے رہے ہیں کہ اگر موجودہ جج صاحبان کا پی سی او کے تحت حلف اٹھانا غلط اور ناجائز ہے تو سابق چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری اور انکے دیگر رفقاء کا پی سی او کے تحت حلف اٹھانا درست اور جائز کیسے ہے؟ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیوایم پر انگلیاں اٹھانے والے نام نہاد وکلاء رہنماؤں اور عدلیہ کی بحالی اور آزادی کے نام نہاد علمبرداروں کو اس سوال پر سانپ کیوں سونگھا ہوا ہے؟ سب کی زبانیں اس بات پر کیوں بند ہیں کہ اگر عدلیہ کی آزادی کے نام نہاد چیمپئنوں کی نظر میں پی سی او کے تحت حلف اٹھانے پر موجودہ چیف جسٹس، جسٹس عبدالحمید ڈوگر اور دیگر جج صاحبان غیر آئینی جج ہیں تو پی سی او کے تحت حلف اٹھانے والے جسٹس افتخار محمد چوہدری اور دیگر معزول جج آئینی کیسے ہوسکتے ہیں؟ اگر موجودہ جج صاحبان نے پی سی او کے تحت حلف اٹھا کر بہت غلط اور برا کام کیا ہے تو یہی غلط اور برا کام کرنے والے جسٹس افتخار محمد چوہدری عدلیہ کے ہیرو کیسے ہوسکتے ہیں؟ اگر ایک چیز موجودہ جج صاحبان کیلئے حرام ہے تو وہی چیز جسٹس افتخار محمد چوہدری اور ان کے رفقاء کیلئے حلال کیسے ہوگئی؟ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی کے نام نہاد علمبرداروں میں اگر ذرہ برابر بھی اخلاقی جرات ہے تو وہ قوم کو بیوقوف بنانے کیلئے الٹی سیدھی باتیں کرنے اور ایم کیوایم پر انگلیاں اٹھانے کے بجائے قوم کو اس سوال کا جواب کیوں نہیں دیتے؟ اور اگر ان کے پاس اس سوال کا کوئی جواب نہیں ہے تو وہ عدلیہ کی آزادی کے کھوکھلے نعرے لگانا چھوڑ دیں۔

☆☆☆☆☆